## سوال

(308)فرض نماز کے درمیان کسی شخص کا سلیم کرنا

## جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

فرض نماز ہوتی ہو۔ اور کوئی شخص مسجد میں آئے۔ اور سلام کرے تو کر سکتا ہے۔ مثلا چار پانچ آدمی وضو کرتے ہوں۔ اور ایک طرف جماعت ہو رہی ہو۔ اس حالت میں کیا سلام کرسکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حالت نماز میں سلام کرنا جائز ہے۔ صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین آپ ﷺ کو سلام کرتے تھے۔ آپ ﷺ ہاتھ سے اشارہ کرتے جواب نہ دینے کی وجہ پوچھنے پر فرمایا۔ ان فی الصلوۃ لشغلا مگر سلام نہ کرنے کو منع نہیں فرمایا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد01ص518**

محدث فتویٰ